## ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2019-20/224      21/اپریل 2020

ایف آئی ڈی ڈی۔ سی او۔ ایف ایس ڈی۔ بی سی نمبر 24/05.02.001/2019-20

دی چیئرمین/ منیجنگ ڈائریکٹر اور سی ای او

سبھی پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر شیڈولڈ کمرشیل بینکیں

محترم/محترمہ!

### سود پر چھوٹ اور فوری ادائیگی پر انسینٹو (پی آر آئی) اور (آئی ایس) کم مدت کے فصلی قرضوں پر 2018-19 اور 2019-20 برسوں کے دوران کووڈ 19 کی وجہ سے مدت میں توسیع

برائے مہربانی سال 2018-19 اور سال 2019-20 کے درمیان دیئے گئے کم مدت کے فصلی قرضہ کے لئے سود پر چھوٹ کی اسکیم (آئی ایس) سے متعلق ہمارے سرکلر ایف آئی ڈی ڈی۔ سی او۔ ایف ایس ڈی۔ بی سی نمبر 15/05.02.001/2018-19 مورخہ 7/ مارچ 2019 کا حوالہ لیں۔

2. کووڈ 19 مہلک وبا کے پھوٹنے کی وجہ سے پورے ملک میں لاک ڈاؤن لاگو ہوا نتیجتاً لوگوں کو باہر نکلنے وگھومنے پر پابندی لگادی گئی۔ بہت سے کسان اپنی بینکوں تک نہیں پہونچ سکے اور نہ ہی وہ کم مدتی فصلی قرضوں کی واپس ادائیگی کرنے سے قاصر رہے۔ آر بی آئی کے 27/ مارچ 2020 کے سرکلر کے مطابق سرکار نے کووڈ 19 ریگولیٹری پیکیج کا اعلان کیا۔ اس کے مطابق یکم/ مارچ 2020 اور 31/مئی 2020 کے درمیان سبھی میعادی قرضوں (بشمول کم مدتی فصلی قرضوں) کی قسطوں کی ادائیگی میں تین ماہ کے لئے مہلت (موریٹوریم) منظور کی گئی۔

3. اس کے مطابق یہ یقینی بنایا جائے کہ کسانوں کو پینل انٹریسٹ نہ بھرنا پڑے اور ساتھ ہی ساتھ انٹریسٹ سب وینشن اسکیم کا فائدہ مل سکے۔ سرکار نے طے کیا ہے کہ 31/مئی 2020 تک توسیع شدہ مدت اور یا ادائیگی کی اصلی تاریخ جو بھی پہلے ہو پر کسانوں کے ذریعہ قسطیں چکانے پر، کم مدت کے فصلی قرض پر 3 لاکھ روپیہ تک فی کسان پر قرض جو یکم/ مارچ 2020 سے 31/مئی 2020 تک ڈیو ہے پر %2 سود میں چھوٹ اور فوری ادائیگی پر %3 کا انسینٹو ان کو دیا جائے۔

4. لہٰذا بینکوں کو صلاح دی جاتی ہے کہ وہ ایسے کسانوں پر جنھوں نے فصلی قرض کی شکل میں تین لاکھ روپیہ تک کا قرض لیا ہوا ہے اور ان کی قسطیں واپسی کی یکم/ مارچ 2020 اور 31/مئی 2020 کے درمیان پڑ رہی ہیں کو بھی %2 سود پر چھوٹ اور فوری ادائیگی پر %3 انسینٹو دیں۔

5. دیگر سبھی شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے وہ ویسے ہی رہیں گی۔

آپ کا مخلص

(سونالی سین گپتا)

چیف جنرل منیجر